رائے عامہ سروے

# صحت

## کورونا وائرس

# 81% پاکستانیوں کے مطابق کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے وہ اپنے کچھ انسانی حقوق کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں، دنیا بھر میں اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح 60% پائی گئی۔


*(گیلپ پاکستان کے تعاون سے کیا جانے والا گیلپ انٹر نیشنل سروے)،*

(اسلام آباد)، 09 مارچ، 2022

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 81% پاکستانیوں کے مطابق کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے وہ اپنے کچھ انسانی حقوق کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" خاص طور پر کورونا وائرس (کوویڈ-19)کے بارے میں سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں؟- کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے میں اپنے کچھ انسانی حقوق کی قربانی دینے کے لئے تیار ہوں "**۔ پاکستان میں اس سوال کے جواب میں 34% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے بہت زیادہ متفق ہیں کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے وہ اپنے کچھ انسانی حقوق کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں، 47% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے متفق ہیں، 11% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے غیر متفق ہیں، جبکہ 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس بات سے بہت زیادہ غیر متفق ہیں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے وہ اپنے کسی بھی انسانی حقوق کی قربانی دینے کے لئے بالکل بھی تیار نہیں ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"خاص طور پر کورونا وائرس (کوویڈ-19)کے بارے میں سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارت سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں؟- کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے میں اپنے کچھ انسانی حقوق کی قربانی دینے کے لئے تیار ہوں۔"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## ملک کے اعتبار سے نتائج:

افغانستان سے تعلق رکھنے والے افراد (20%) کورونا وائرس کے خاتمے کے لیے اپنے انسانی حقوق کی قربانی دینے میں سب سے زیادہ ہچکچاہٹ کا شکار نظر آئے، جبکہ بھارت (49%) اور کینیا (50%) سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس حوالے سے سب سے زیادہ رضامندی کا اظہار کیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1865 مرد و خواتین سے 22 دسمبر 2021 تا 15 جنوری 2022 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN & GALLUP INTERNATIONAL

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, March 9, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2022

celebrating 42 years of Gallup Pakistan (1980-2022)